**05.03.2025**

**13.50 Hrs**

**HL-OPENNING**

آداب

یہ آکاشوانی ہے

خبروں کے ساتھ میں ................. شبانہ رحمان

**Music**

☆ وزیراعظم نریندر مودی روزگار کے مواقع پر بجٹ کے بعد کے ویبنار سے خطاب کررہے ہیں۔

☆ حکومت نے خواتین کیلئے سازگار مثالی گرام پنچایتوں کا آغاز کیا ہے، تاکہ حکمرانی کے صنفی بھید بھاؤ کے بغیر طور طریقوں کو یقینی بنایا جاسکے۔

☆ ریلوے نے 15 فروری کو نئی دلّی ریلوے اسٹیشن پر مچی بھگدڑ کے پیش نظر پانچ سینئر عہدیداران کا تبادلہ کردیا ہے۔

☆ جھارکھنڈ کے مغربی سنگھ بھوم ضلع میں دیسی ساخت کے ایک بم دھماکے میں CRPF کے تین جوان زخمی ہوگئے ہیں۔

☆ امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ نے جوابی محصولات کا اعلان کیا ہے، جن کا اطلاق 2 اپریل سے ہوگا۔

☆ اور : ICC چمپئنز ٹرافی کرکٹ میں اب سے کچھ دیر میں لاہور میں جنوبی افریقہ اور نیوزیلینڈ کے درمیان دوسرا سیمی فائنل مقابلہ ہونے والا ہے۔

**Music**

اب خبریں تفصیل سے............

**PM-WEBINAR EMPLOYMENT**

وزیر اعظم نریندر مودی نے آج روزگار سے متعلق، بجٹ کے بعد کے ویبنار میں، ویڈیو کانفرنسنگ کے ذریعے خطاب کیا۔ ویڈیو کانفرنسنگ کے ذریعہ اس میں شرکت کرتے ہوئے جناب مودی نے کہا کہ اس بجٹ میں روزگار کے مواقع پیدا کرنے اور سرمایہ کاری پر زور دیا گیا ہے۔ جناب مودی نے مزید کہا کہ تعلیم سے متعلق نئی پالیسی میں تکنیک اور اختراع کو اہمیت دی گئی ہے۔تعلیم کے شعبے میں تکنیک کو شامل کیا جارہا ہے۔ ×

**PM-UTTARKHAND**

وزیراعظم نریندر مودی کل اُتراکھنڈ کا دورہ کریں گے۔ وہ Mukhwa میں ماں گنگا کی پوجا اَرچنا اور درشن کریں گے۔ جناب مودی Harsil میں ایک Trek اور Bike ریلی کو جھنڈی دکھاکر روانہ کریں گے اور ایک عوامی تقریب میں اجتماع سے

خطاب بھی کریں گے۔ اتراکھنڈ حکومت نے اِس سال موسم سرما کی سیاحت سے متعلق پروگرام کا آغاز کیا ہے۔ ہزاروں عقیدت مند پہلے ہی موسم سرما کے مقامات گنگوتری، یمنوتری، کیدارناتھ اور بدری ناتھ پہنچ چکے ہیں۔ اس پروگرام کا مقصد مذہبی سیاحت اور مقامی معیشت، اور اس سے وابستہ کاروبار کو فروغ دینا ہے۔×

**PM-SHIVRAJ**

وزیر اعظم نریندر مودی نے BJP لیڈر اور زراعت اور کسانوں کی بہبود کے مرکزی وزیر شیو راج سنگھ چوہان کو ، اُن کی سالگرہ پر مبارکباد پیش کی ہے۔ ایک سوشل میڈیا پوسٹ میں، وزیر اعظم نے کہا کہ جناب چوہان ملک میں زراعت اور کسانوں کی بہبود کے ساتھ ساتھ گاؤوں کی ترقی میں ایک نہایت اہم رول ادا کررہے ہیں۔ x

**PM-BIJU PATNAIK**

وزیر اعظم نریندر مودی نے آج اڈیشہ کے سابق وزیر اعلیٰ بیجو پٹنائک کو، اُن کی سالگرہ کے موقع پر یاد کیا۔ ایک سوشل میڈیا پوسٹ میں وزیر اعظم نے، جناب پٹنائک کی ریاست کی ترقی میں نمایاں خدمات کو سراہا اور شہریوں کو بااختیار بنانے کی اُن کی کوششوں کو تسلیم کیا۔ وزیر اعظم نے، جمہوری اصولوں کے تئیں جناب پٹنائک کی غیرمتزلزل وابستگی پر زور دیا ، خاص طور پر ایمرجنسی کے خلاف اُن کی سخت مخالفت کا بھی ذکر کیا۔x

**GRAM PANCHAYAT WOMEN EARLY**

پنچایتی راج کے وزیرمملکت پروفیسر ایس پی سنگھ بگھیل اور صحت اور خاندانی بہبود کی وزیرمملکت محترمہ انوپریا پٹیل نے آج نئی دلّی کے نیشنل کنونشن میں پنچایتی راج کی وزارت کی خواتین کیلئے سازگار مثالی گرام پنچایت پہل کا آغاز کیا تاکہ حکمرانی کے صنفی بھید بھاؤ کے بغیر طور طریقوں کو یقینی بنایا جاسکے۔ یہ پہل وزارت کی خواتین کے بین الاقوامی دن 2025 کی تقریبات کا ایک حصہ ہے۔ اِس پہل کا بنیادی مقصد ہر ضلع میں خواتین کیلئے سازگار کم سے کم ایک مثالی گرام پنچایت قائم کرنا ہے۔ x

**RAILWAY TRANSFERED**

دلّی ڈویژنل ریلوے منیجر DRM ، ایڈیشنل DRM اور ریلوے پروٹیکشن فورس کے اسسٹنٹ سکیورٹی کمشنر سمیت پانچ سینئر اہلکاروں کا تبادلہ کردیا گیا ہے۔ نئی دلّی ریلوے اسٹیشن پر بھگدڑ کے تناظر میں ایسا کیا گیا ہے۔ پچھلے مہینے کی 15 تاریخ کو مہاکنبھ کا دورہ کرنے کیلئے پریاگ راج جانے والی ٹرینوں میں مسافروں کے چڑھنے کے دوران ہوئی بھگدڑ میں 18 مسافر ہلاک اور 15 زخمی ہوگئے تھے۔

حکم کے مطابق Pushpesh R ترپاٹھی شمالی ریلوے زون میں دلّی ڈویژن کے نئے DRM ہوں گے۔ x

## JHARKHAND-BLAST

جھارکھنڈ میں آج مغربی سنگھ بھوم ضلع کے Jaraikela پولیس اسٹیشن کے تحت Baliba جنگلاتی علاقے میں دیسی ساخت کے ایک بم دھماکے میں CRPF کے تین جوان شدید طور پر زخمی ہوگئے۔ سبھی تینوں CRPF کے جوانوں کو بحفاظت نکال لیا گیا ہے اور ابتدائی طبی علاج کیلئے لے جایا گیا ہے۔ ایس پی آشوتوش شیکھر نے اس واقعہ کی تصدیق کی ہے اور کہا ہے کہ افواج آج صبح سے تلاش کی کارروائی انجام دے رہی ہیں۔ سبھی تینوں زخمی جوانوں کو بہتر طبی علاج کیلئے بذریعہ ہیلی کاپٹر رانچی لے جایا جائے گا۔x

## PUNJAB FARMERS

احتجاجی کسانوں کے مارچ کو روکنے کیلئے مرکز کے زیرانتظام علاقے چنڈی گڑھ کی سبھی سرحدوں کو بند کردیا گیا ہے اور پولیس فورس تعینات کی گئی ہے۔ چنڈی گڑھ کی ایس پی گیتانجلی کھنڈیلوال نے بتایا کہ پنجاب کے Samyukta کسان مورچہ (SKM) کی جانب سے آج چنڈی گڑھ کی جانب مارچ کے تناظر میں چنڈی گڑھ کی سبھی سرحدوں پر پولیس اہلکاروں کو تعینات کیا گیا ہے اور ناکابندی کی گئی ہے۔ محترمہ گیتانجلی نے بتایا کہ سبھی مقامات پر سخت چیکنگ کی جارہی ہے۔ انہوں نے بتایا کہ اِس بات کو یقینی بنانے کیلئے کہ لوگوں کو کم سے کم پریشانی کا سامنا کرنا پڑے، راستے تبدیل کردیئے گئے ہیں۔ x

## SCINDIA-MOBILE INDIA CONGRESS

مواصلات کے وزیر جیوتر آدتیہ سندھیا نے کہا ہے کہ اختراع ، شمولیت ، پائیداریت اور اعتماد کی شکلیں ٹیکنالوجی پر مبنی حکمرانی کے تئیں بھارت کے رہنمائی کے کلیدی اصول ہیں۔ Barcelona اسپین میں موبائل ورلڈ کانگریس کے موقع پر اظہارِ خیال کرتے ہوئے، جناب سندھیا نے ملک کے ہر شہری کو خدمات فراہم کرنے میں آدھار اور بھارت نیٹ کی کامیابی کو اجاگر کیا۔ انہوں نے ضابطے کے ساتھ اختراع کو متوازی بناتے ہوئے اِس ضمن میں بھارت کی کوششوں کے چار اقدام کے بارے میں بھی بات کی، جس میں اسپیکٹرم مینجمنٹ ، مارکیٹ استحکام کو یقینی بنانا ، ٹیلی کام ضابطے متعارف کرانا ، مختلف عمل کو آسان بنانا اور صارفین کے تحفظ کیلئے سائبر سیکیورٹی اقدامات لانا شامل ہے۔ موبائل ورلڈ کانگریس 2025 کے اپنے دورے کے دوران جناب سندھیا نے انڈیا موبائل کانگریس کا آغاز کیا اور بھارت پویلین کا افتتاح کیا۔ ہارڈ ویئر اور سافٹ ویئر دونوں میں ہی بھارت کے ٹیلی کام آلات کے 38 مینوفیکچررس ، اپنی جدید ترین اشیاء کی نمائش کررہے ہیں۔x

**DELHI-YAMUNA**

دلّی کے آبپاشی اور سیلاب کے کنٹرول کے محکمے کے وزیر پرویش صاحب سنگھ نے آج قومی راجدھانی میں دریائے جمنا کا معائنہ کیا۔ معائنہ کرنے کے بعد انہوں نے کہا کہ گزشتہ 10 روز میں دریائے جمنا سے 13 ہزار ٹن کوڑا کرکٹ ہٹایا گیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ حکومت کی تجویز دریا میں Ferry سروس شروع کرنے کی ہے، جس کیلئے مفاہمت نامے کو قطعی شکل دی جائے گی۔ انہوں نے مزید کہا کہ دلّی حکومت کا مقصد لوگوں کو دریائے جمنا کی جانب راغب کرنا ہے۔×

**COAL PRODUCTION**

مالی سال 2024-25 کیلئے Captive اور کمرشیل کانوں سے حاصل کی گئی کوئلے کی کُل پیداوار اس برس فروری تک 167 ملین ٹن سے تجاوز کر گئی۔ اس سے اِسی عرصے کے دوران پچھلے برس 126 ملین ٹن کے مقابلے سالانہ بنیاد پر 32 فیصد سے زیادہ اضافے کا اظہار ہوتا ہے۔ کوئلے کی وزارت نے کہا ہے کہ وہ بجلی، اسٹیل اور سیمنٹ جیسے اہم شعبوں کو کوئلے کی مستحکم اور بلارکاوٹ سپلائی کو یقینی بنارہی ہے۔ اس نے کہا کہ حکومت پائیدار اور مؤثر کوئلے کے شعبے کو فروغ دینے کیلئے پرعزم ہے، تاکہ ملک کی ترقی میں تعاون کیا جاسکے۔×

**TRUMP TARIFF**

امریکہ کے صدر ڈونلڈ ٹرمپ نے یوروپی یونین، چین، برازیل، بھارت اور جنوبی کوریا کی جانب سے زیادہ محصول عائد کرنے پر نکتہ چینی کرتے ہوئے اپنی انتظامیہ کی تجارتی پالیسی کے تحت جوابی محصولات کا اعلان کیا ہے۔ یہ جوابی محصولات 2 اپریل سے نافذ ہوں گے۔ کانگریس کے مشترکہ اجلاس سے افتتاحی خطاب میں صدر ٹرمپ نے کہا کہ ہم بھی اُن پر اُتنا ہی ٹیکس عائد کریں گے، جتنا وہ ہم پر کریں گے۔ جناب ٹرمپ نے مزید کہا کہ دیگر ملکوں نے دہائیوں تک محصولات کو ہمارے خلاف استعمال کیا اور اب اُن ممالک پر ٹیکس نافذ کرنے کا ہمارا وقت ہے۔ امریکی صدر ٹرمپ نے کہا کہ یوروپی یونین، چین، برازیل، بھارت، میکسیکو، کینیڈا اور دیگر کئی ممالک ہمارے مقابلے ہم پر زبردست ٹیکس عائد کرتے ہیں، جو کہ بیحد غیر منصفانہ ہے۔×

**CRIKET-ICC**

ICC چیمپئن ٹرافی کرکٹ میں آج دوپہر لاہور میں جنوبی افریقہ اور نیوزی لینڈ کے درمیان دوسرا سیمی فائنل مقابلہ کھیلا جائے گا۔ یہ میچ بھارتی وقت کے مطابق دوپہر ڈھائی بجے سے شروع ہوگا۔ اس میچ میں جیتنے والی ٹیم کا سامنا اتوار کو فائنل میں بھارت سے ہوگا۔ کل دبئی میں بھارت نے آسٹریلیا کو پہلے سیمی فائنل میں چار وکٹ سے ہراکر فائنل میں اپنی جگہ پکّی کرلی۔ وراٹ کوہلی نے بھارت کیلئے سب سے زیادہ 84 رن بنائے اور انہیں پلیئر آف دی میچ قرار دیا گیا۔ شریئس ایئر نے 45

رن اسکور کئے۔ اس سے قبل آسٹریلیا نے ٹاس جیت کر پہلے بلے بازی کرتے ہوئے 264 رن بنائے تھے۔ آسٹریلیا کے کپتان اسٹیو اِسمتھ نے 73 رن اسکور کئے، جبکہ وکٹ کیپر بلے باز Alex Carey نے 61 رن بنائے۔ بھارت کیلئے محمد شامی نے تین وکٹ حاصل کئے۔×

## STEVE SIMITH

آسٹریلیا کے کرکٹ کے سرکردہ کھلاڑی اِسٹیو اِسمتھ نے ایک روزہ بین الاقوامی کرکٹ میچوں سے باضابطہ اپنے ریٹائرمنٹ کا اعلان کردیا ہے۔ وہ ٹسٹ کرکٹ اور ٹی-ٹوینٹی کیلئے دستیاب رہیں گے۔کل ICC چمپئنس ٹرافی میں آسٹریلیا کی بھارت کے ہاتھوں 4 وکٹ سے شکست کے بعد یہ فیصلہ سامنے آیا ہے۔×

## FOOTBALL ISL

انڈین سپر لیگ ISL فٹ بال میں آج جمشید پور کے JRD ٹاٹا اسپورٹس کمپلیکس اسٹیڈیم میں شام ساڑھے سات بجے جمشید FC کا مقابلہ اوڈیشہ سے ہوگا۔ اس سے پہلے کل رات گوا کے جواہر لال نہرو اسٹیڈیم میں گوا FC نے محمڈن SC کو صفر کے مقابلے دو گول سے شکست دی۔ اِس جیت کے ساتھ ہی گوا FC پوائنٹس ٹیبل میں دوسرے مقام پر پہنچ گیا ہے۔ موہن بگان سُپر Giant کے ساتھ وہ پہلے ہی سیمی فائنل کیلئے کوالیفائی کر چکا ہے۔x

☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆